# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب، الفاظ کی پرچیاں م، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق ''حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت'' سے کوئی سے پانچ الفاظ پرچیوں پر لکھ کر ٹوکری میں ڈالیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں۔
- اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالنے کو کہیں۔
- اب اسے اس پر لکھے لفظ کا درست تلفظ ادا کروائیں اور پھر اس سے متعلق ایک جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ اسی طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے کروائیں۔
- یہ تکنیک محض سبق کو دلچسپ بنانے کے لیے ہے۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ25)

- کتاب کے صفحہ نمبر 28 پر موجود نئے الفاظ کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- الفاظ معانی کا مقصد بچوں کو مختلف الفاظ کے مفہوم سے آگاہ کرنا ہے۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ چھے آئس کریم اسٹکس لیں۔
- ان پر ایک طرف نئے الفاظ میں سے الفاظ لکھیں۔
- ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھیں۔
- ان تمام اسٹکس کو ایک ٹوکری میں ڈال دیں اور اس ٹوکری کو باری باری ہر گروہ کے پاس لے جائیں۔
- انھیں اس میں سے کوئی سی بھی اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ اسٹک پر لکھا لفظ پڑھیں اور اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ان کے لکھے ہوئے معانی سنانے کے لیے کہیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس کے بعد الفاظ معانی کی بار بار پڑھائی کروائیں تاکہ بچے ان کو بآسانی یاد کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈپر الفاظ لکھیں اور بچوں سے ان کے معانی کی دہرائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| تکبر | |
| اطاعت | |
| خندق | |
| سعادت | |
| مجاہد | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ڈسپوزیبل گلاس، مختلف رنگ کی چٹیں، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنادیں اور ہر گروہ میں سے دو بچوں کو بلالیں۔
- بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔
- جماعت میں چند کرسیاں ایک طرف رکھ دیں۔
- بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت کریں۔
- بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- بچوں کو گھنٹی شروع کرتے ہی گھومنے کے لیے کہیں۔
- اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- آواز بند ہوتے ہی بچوں کو کرسیوں پر بیٹھنے کے لیے کہیں۔
- جو بچہ کھڑا رہ جائے گا اس سے سبق سے متعلق کسی سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب دینے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں گروہ کا دوسرا بچہ جواب دے گا۔
- اب ایک اور کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کر دیں۔ اس سرگرمی کو اس وقت تک کریں جب تک ایک کرسی اور دو بچے نہ رہ جائے۔ جیتنے والے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق ''حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت'' سے متعلق سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کو ایک بار سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کی ہدایت دیں۔
- ایک گلاس میں چار مختلف رنگوں کی چٹیں رکھیں جن پر تفہیم میں پوچھے گئے سوالات لکھے ہوں۔
- جماعت میں بچوں کے چار گروہ بنادیں ہر گروہ کا ایک لیڈر مقرر کریں۔
- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ایک چٹ اُٹھالے۔
- اسی طرح باقی تین گروہوں کے لیڈرز کو بلائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ چٹ پر لکھا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔

- انھیں سوچنے کا وقت دیں اور بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے جوابات کے لیے خالی جگہ چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی چٹ آئی ہے اسے تلاش کر کے اس کے نیچے جواب لکھیں۔
- درست جواب دینے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- سوالات کے جوابات مکمل ہونے پر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے کاپیوں پر لکھے سوالات چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(الف) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے کیا رشتہ تھا؟

______________________________

(ب) مدینہ منورہ ہجرت کے وقت نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کیا ہدایت دیں؟

______________________________

(ج) مرحب کون تھا؟ اور اس نے اپنے بارے میں کیا کہا؟

______________________________

(د) مسلمان فوج خیبر کے قلعے میں کیسے داخل ہوئی؟

______________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

غلط/درست فقرات کی نشان دہی کریں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، سوالوں پر مشتمل پرچیاں، جملوں کے کارڈز، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے سوالات بورڈ پر لکھیں۔ جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں ایک ایک سوال دیں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور انھیں باہم مشورے سے جواب دینے کے لیے کہیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئیں پوچھے گئے سوال کا جواب لکھیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 29 کھلوائیں۔
- جماعت میں بچوں کے چھے گروہ بنادیں۔
- انھیں سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- انھیں پہلے سے بتادیں کہ مشق میں دیے گئے سوال (2 اور 3) کے بارے میں ان سے کوئی بھی سرگرمی کروائی جاسکتی ہے۔
- انھیں کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد سوال نمبر 2 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی چھے پرچیاں اس طرح بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ممکنہ جوابات لکھیں ہوں۔
- اب ایک ٹوکری میں چھے پرچیاں بند کرکے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری سارے گروہوں کے پاس لے جائیں اور ہر گروہ میں سے ایک بچہ ایک پرچی اُٹھالے۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ہدایت دیں کہ پرچی کھول کر اس کا سوال پڑھیں اور باہم مشورے سے اسکے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران بورڈ پر بھی تمام سوالات ان کے ممکنہ جوابات کے ساتھ لکھ دیں۔
- اب ہر گروہ سے ایک لیڈر بلوائیں اور ہدایت دیں کہ جس سوال کی پرچی اس کے پاس آئی ہوگی بورڈ پر آکر اس سوال کو تلاش کرے اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب ہونے کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔

| |
|---|
| • اسی طرح یہ سر گرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔<br>• اگلی سر گرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں ہر گروہ کو غلط/درست فقرات پر مبنی ایک ایک کارڈ دیں جن کو پڑھ کر وہ درست اور غلط کی نشاندہی کر سکیں۔<br>• انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔<br>• اس دوران بورڈ پر وہی جملے لکھیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلوائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے جملوں میں دیکھے کہ اس کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟<br>• پھر جملے کی خواندگی کرتے ہوئے اس کے غلط یا درست ہونے کی نشاندہی کرے۔<br>• جماعت میں باقی گروہوں سے بھی سر گرمی مکمل کرواتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) سبق سے متعلق مختلف فقرات تھوڑے سے ردوبدل کر کے لکھیں اور طلبہ کی فہم کو جانچنے کے لیے انھیں ان فقرات کی درستی کرنے کے لیے کہیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت | |
| **مقاصد:** گنتی اُردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔<br>ضمیر فاعلی پہچان کر اس کا درست استعمال کر سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، گھنٹی، ٹوکری، پرچیاں | | |

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک ٹوکری میں 11 سے 40 نمبر لکھ کر پرچیاں بند کر کے رکھیں۔
- اب بچوں کو دائرے میں بٹھائیں اور ایک بچے کو ٹوکری پکڑا دیں اور خود گھنٹی بجانا شروع کریں۔
- بچے ٹوکری ایک دوسرے کو پکڑاتے جائیں۔
- اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- جس بچے کے ہاتھ میں ٹوکری آئی ہوگی وہ ایک پرچی نکال کر اس پر لکھا ہندسہ پڑھے گا اور بورڈ پر اس ہندسے کی لفظی گنتی لکھ دے گا۔
- پھر وہ بچہ دائرے سے نکل کر اپنی سیٹ پر بیٹھ جائے گا۔
- اسی طرح سرگرمی دوبارہ شروع کریں اور باری باری ہر بچے سے لفظی گنتی لکھوائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کو شاباش دیں اور تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں اردو ہندسے اور دوسرے کالم میں لفظی گنتی کی سرخی لکھ دیں۔
- ایک ٹوکری میں 1 تا 40 ہندسی گنتی کی پرچیاں ڈال دیں۔
- جماعت میں باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ٹوکری میں سے پرچیاں اٹھانے اور سیٹوں پر واپس جانے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے ہندسے پڑھیں اور اس کی لفظی گنتی لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک بچے کو بلا کر اس کی آنکھوں پر پٹی باندھیں۔
- اس کا ہاتھ پکڑ کر جماعت کے درمیان کسی جگہ کھڑا کریں۔
- اس سے کہیں کہ وہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا جائے اور جماعت کے کسی بھی بچے کو چھوئے۔
- جس بچہ کو چھوا جائے گا وہ بورڈ پر جا کر اپنے پاس موجود نمبر کی لفظی گنتی لکھے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔
- جن بچوں نے درست طور پر سرگرمی کی ہوگی ان کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں۔

- بچوں کو بتائیں اسم ضمیر کی تین حالتیں ہیں۔

(۱)ضمیر فاعلی (۲)ضمیر مفعولی (۳)ضمیر اضافی

- انھیں بتائیں اسم ضمیر وہ اسم ہے جو کسی شخص جگہ یا چیز کے نام کی جگہ استعمال کیا جائے۔ جیسے وہ، انھیں، ہم، تمھارا، اُس وغیرہ۔

جبکہ وہ اسمائے ضمیر جو جملے میں فاعل کی جگہ استعمال ہوں ضمیر فاعلی کہلاتے ہیں۔

- سوال نمبر 8 میں دیے گئے پیرا گراف کو بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں کے ناموں کی پرچیاں ایک ٹوکری میں ڈالیں۔
- باری باری جن بچوں کے نام نکلتے جائیں گے۔ انھیں بورڈ پر بلا کر پیرا گراف پڑھنے کے لیے کہیں اور ضمیر فاعلی کی نشاندہی کروائیں۔
- اسی طرح بچوں بورڈ پر بلاتے جائیں اور سر گرمی مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) سبق سے متعلق اہم نکات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بچوں سے اکتیس تا چالیس لفظی گنتی کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت | |

**مقاصد:** الفاظ متضاد سمجھ سکیں۔

سبق کے اہم نکات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، موسم بہار اور خزاں کی تصاویر، سیلو ٹیپ، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔
- سورج کس سمت سے نکلتا ہے؟
- ہم ہلکے کپڑے کس موسم میں پہنتے ہیں؟
- کس موسم میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- اب ایک بہار کے موسم کی تصویر بورڈ پر چسپاں کریں۔
- اور بچوں سے پوچھیں یہ کس موسم کی تصویر ہے؟
- اس کے بعد خزاں کی تصویر چسپاں کریں۔
- دونوں تصاویر کے نیچے بہار اور خزاں لکھیں۔
- بچوں کو بتائیں بہار کے موسم میں درختوں کے نئے پتے نکل آتے ہیں۔ رنگ برنگے پھول کھلتے ہیں جبکہ خزاں میں درختوں کے پرانے پتے گر جاتے ہیں۔
- انھیں بتائیں بہار اور خزاں ایک دوسرے کے اُلٹ ہیں۔
- وہ الفاظ جو معانی کے لحاظ سے ایک دوسرے کے اُلٹ ہوں، انھیں الفاظ متضاد کہتے ہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔
- ایک میں الفاظ اور دوسرے میں متضاد کی سرخی لکھیں۔
- چند الفاظ کے متضاد کی مشق بچوں کو کروائیں اور الفاظ متضاد کا تصور واضح کریں۔
- اب سوال نمبر 9 میں دیے گئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک پرچی دیں۔

| |
|---|
| • انھیں پرچی کھول کر جملے پڑھنے کو کہیں اور ہدایت دیں کہ خط کشیدہ لفظ کا متضاد لکھیں۔<br>• اس کے بعد ہر گروہ کے لیڈر کو بلائیں اور انھیں تفویض کردہ پرچی پر لکھے جملے پڑھنے کے لیے کہیں۔<br>• جس گروہ نے خط کشیدہ الفاظ کے متضاد لکھے ہوں اس کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔<br>• بچوں کو سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔<br>• اب بچوں کو خود ایک بلند آواز میں پڑھ کر سنائیں۔<br>• سنانے سے پہلے بچوں کو کہیں کہ سننے کے دوران اہم نکات کو ذہن میں رکھتے جائیں۔<br>• اس کے بعد ان کے ذہن میں جو اہم نکات آئے ہیں ان کو ذہن میں رکھتے ہوئے خلاصہ تحریر کریں۔<br>• اس کام کے لیے انھیں مقررہ وقت دیں۔<br>• انفرادی طور پر ان کا تحریر کردہ خلاصہ چیک کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بورڈ پر بلا کر ان کے متضاد لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| آزاد | |
| آس | |
| آغاز | |
| یگانہ | |
| لمبائی | |
| نفع | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت | |

**مقاصد:** موضوع سے متعلق درخواست لکھ سکیں۔

موضوع سے متعلق چارٹ پر تجاویز لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- درخواست کے اصولوں کی پرچیاں بنا کر ایک ٹوکری میں ڈالیں۔
- بچوں کے گروہ بنائیں اور ہر گروہ کو ایک ایک پرچی دیں۔
- بورڈ پر بے ترتیب لکھیں۔

القاب نفس مضمون عنوان تاریخ سرنامہ اختتام

- بچوں سے پوچھیں یہ تمام اصول درخواست کے متن میں کس ترتیب سے آتے ہیں۔
- ان کو بتائیں درخواست جس عہدے دار کے نام لکھنی ہو، سب سے پہلے اس کا عہدہ اور پتا لکھتے ہیں اس حصے کو سرنامہ کہتے ہیں۔
- دوسری سطر میں عنوان تحریر کیا جاتا ہے۔
- اگلی سطر میں عہدے کو مخاطب کرتے ہوئے القاب لکھا جاتا ہے۔
- چوتھی سطر میں اپنی گزارش تحریر کی جاتی ہے یہ حصہ نفس مضمون کہلاتا ہے۔
- آخر میں دائیں جانب تاریخ اور بائیں جانب درخواست گزار لکھا جاتا ہے۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں تحریر جو کسی مقصد یا اپنی بات پہنچانے کے لیے عہدیدار کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے اسے درخواست کہتے ہیں۔
- درخواست لکھتے وقت چند رہنما اصولوں کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔
- درخواست عام فہم اور آسان الفاظ میں لکھیں۔
- درخواست کا مضمون واضح ہونا چاہیے۔
- درخواست زیادہ طویل نہ ہو بلکہ ایک ہی صفحے پر مکمل ہو جائے۔
- ساری درخواست میں احترام کا پہلو پیش نظر رکھیں۔
- درخواست میں کوئی بھی غیر ضروری بات نہ لکھیں۔
- بچوں کو تمام باتیں تفصیل سے بتائیں۔
- بچوں کی جوڑیاں بنائیں۔

- سوال نمبر 12 کی سرگرمی کے لیے بچوں سے پہلے دوستانہ ماحول میں بات کریں کہ انھیں آپ کو اپنے مسائل بتانے میں جھجک محسوس نہ ہو۔
- بچوں سے گفتگو کریں اور ان کے خیالات جاننے کی کوشش کریں جیسے اسکول، گھر یا محلے میں کوئی شخص انھیں تنگ تو نہیں کرتا، کوئی ایسی حرکت یا اشارے تو نہیں کرتا جو انھیں پسند نہ ہوں۔
- انھیں بتائیں اگر کہیں بھی کوئی غلط حرکت کرے یا غلط بات کرے تو فوراً وہاں موجود اپنے والدین یا اساتذہ کو بتائیں۔
- گفتگو کے بعد بچوں کا اعتماد بحال کریں اور انھیں ہدایت دیں کہ وہ اپنے مسائل اساتذہ اور والدین کو ضرور بتائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ وہ برے لوگوں سے خود کو کیسے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ ان تجاویز کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انھیں بورڈ پر لکھیں۔
- سرگرمی میں ان بچوں کو بھی شامل کریں جو جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- اس سے ان کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) درخواست لکھنے کے اصولوں کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے درخواست کا خاکہ بنوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

پرنسپل صاحب کے نام درخواست اپنی کاپی میں لکھیں اور اسکول میں سیرت النبی خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کے موضوع پر تقریری مقابلہ منعقد کروانے کی اجازت طلب کریں۔